FRI.27.Feb.2026
VOLUME: 22 NO: 51
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper
روزنامہ
نانديڑ
Established: May 1994 قائم شدہ: مئی

ورقِ تازہ

RNI No. MAHURD/2006/16935
پربھنی اور ناندیڑ سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
بروز جمعہ 27/فروری 2026
جلد: 21 شمارہ نمبر 51
9/رمضان المبارک 1447ھ
قیمت 3=00 روپے
صفحات = 4
THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com
HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)





بہار میں راجیہ سبھا انتخاب کو لے کر سیاسی ہلچل تیز

تیجسوی سے ایم آئی ایم کے اختر الایمان کی ملاقات

پٹنہ: بہار میں راجیہ سبھا انتخاب کو لے کر سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ راجدھانی پٹنہ میں اپوزیشن لیڈر تیجسوی یادو نے اسمبلی احاطہ میں مہاگٹھ بندھن کے لیڈران سے ملاقات کی اور انتخابی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا۔ خاص طور پر راجیہ سبھا کی پانچویں سیٹ کے متعلق اتفاق رائے بنانے کی کوششیں تیز ہوگئی ہیں۔ اس دوران اے آئی ایم بہار کے ریاستی صدر اختر الایمان نے بھی تیجسوی یادو سے ملاقات کی۔ اس کے بعد اختر الایمان نے کہا کہ ان کی پارٹی پہلے سے راجیہ سبھا سیٹ کے لیے دعویداری کر چکی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ مہاگٹھ بندھن ان کے امیدوار کی حمایت کرے۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں ایک دوسرے کی ضرورت پڑے گی، اس لیے اس بار حمایت ملنی چاہیے۔ تیجسوی یادو نے کہا کہ مہاگٹھ بندھن پوری تیاری میں ہے اور بہار کی پانچویں راجیہ سبھا سیٹ کے لیے امیدوار اتارا جائے گا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ نمبران کے حق میں ہیں اور وہ انتخاب میں جیت حاصل کریں گے۔ امیدوار کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ حالانکہ اے آئی ایم کی حمایت پر انہوں نے غور کرنے کی بات کہی ہے۔ دوسری جانب این ڈی اے میں بھی سیٹ کی تقسیم کے متعلق بات چیت جاری ہے۔ 27 اور 28 فروری کو سینئر لیڈران کی میٹنگ متوقع ہے، جس میں حتمی فیصلہ لیا جاسکتا ہے۔ جے ڈی یو کے سینئر لیڈر اور وزیر وجے کمار چودھری نے کہا کہ پارٹی کے اندر بات چل رہی ہے اور سب طے ہونے کے بعد میڈیا کو مطلع کر دیا جائے گا۔ اس درمیان اپیندر کشواہا کی پارٹی آر ایم ایل اے اور چراغ پاسوان کی پارٹی آر ایل جے پی نے بھی اپنی اپنی دعویداری پیش کردی ہے، جس کی وجہ سے سیٹ کو لے صورتحال مزید پیچیدہ ہوگئی ہے۔ راجیہ سبھا کی پانچویں سیٹ کے لیے دونوں اتحادوں میں حکمت عملی سے متعلق میٹنگوں کا دور جاری ہے۔ آنے والے دنوں میں امیدواروں کے نام سامنے آنے کے ساتھ ہی سیاسی تصویر مزید واضح ہوجائے گی۔

مسافر کے لیے ترس رہی پٹنہ میٹرو، روزانہ کی آمدنی محض 5 ہزار روپے اور خرچ 18 لاکھ روپے!

پٹنہ: بہار اسمبلی انتخاب سے عین قبل 6 اکتوبر 2025 کو وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے پٹنہ میٹرو کا جلد بازی میں افتتاح تو کردیا، لیکن اب یہ میٹرو ٹرین مسافر کے لیے ترس رہی ہے۔ پٹنہ میٹرو کو شروع ہوئے تقریباً 5 ماہ ہو چکے ہیں، لیکن بیشتر اوقات میٹرو کی بوگیاں خالی ہی نظر آتی ہیں۔ یہ جانکاری 'اے بی پی نیوز' نے اپنی ایک رپورٹ میں دی ہے۔ اس نے گراؤنڈ رپورٹ میں بتایا ہے کہ جو تصویر سامنے آئی ہے، وہ حیرت انگیز ہے۔ دفتر کے وقت میں بھی 3 بوگیوں میں سے 2 پوری طرح خالی تھیں اور محض 4 افراد ایک بوگی میں سفر کرتے نظر آئے۔ گراؤنڈ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ منگل کی صبح تقریباً 10 بجے بھوت ناتھ اسٹیشن سے ٹکٹ لے کر نمائندہ پاٹلی پترا بس ٹرمینل کے لیے روانہ ہوا۔ 3 بوگی میں سے 2 پوری طرح خالی تھیں اور ایک بوگی میں نمائندہ سمیت صرف 4 لوگ سفر کررہے تھے۔ واپسی میں بھی 3 بوگیوں میں سے 2 خالی تھیں اور ایک بوگی میں رپورٹر سمیت 9 مسافر ہی نظر آئے۔ اس طرح دفتر کے وقت میں 2 پھیروں کے دوران صرف 13 مسافروں نے سفر کیا۔ قابل ذکر ہے کہ میٹرو ٹرین صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک چلتی ہے اور بھوت ناتھ سے پاٹلی پترا بس ٹرمینل تک کا کرایہ 15 روپے ہے۔ روزانہ یہ میٹرو ٹرینیں 24 پھیرے لگاتی ہیں، جن میں 12 اَپ اور 12 ڈاؤن شامل ہیں۔ گراؤنڈ رپورٹ میں جو اندازہ لگایا گیا، اس کے مطابق روزانہ اوسطاً 156 مسافر سفر کرتے ہیں اور ٹکٹ فروخت کے ذریعہ تقریباً 4 سے 5 ہزار روپے کی آمدنی ہوتی ہے۔ دوسری طرف رکھ رکھاؤ اور انتظام و انصرام کے ساتھ ساتھ ملازمین کی تنخواہ وغیرہ جوڑ کر روزانہ 18 لاکھ روپے سے زیادہ کا خرچ ہورہا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جب میٹرو شروع ہوئی تھی تو روزانہ 8-9 ہزار مسافر سفر کرتے تھے، لیکن دھیرے دھیرے یہ تعداد گھٹتی چلی گئی۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ میٹرو صرف 3 اسٹیشنوں تک محدود ہے، اس لیے بھیڑ نہیں ہے۔ جب پٹنہ جنکشن اور دیگر اہم اسٹیشنوں تک میٹرو پہنچے گی تبھی مسافروں کی تعداد بڑھے گی۔ مارچ 2026 سے بھوت ناتھ سے ملاہی پکڑی تک 2.75 کلومیٹر میٹرو چلنے کی امید ہے۔ کمشنر آف میٹرو ریل سیفٹی کی ٹیم کے ذریعہ جائزہ لیے جانے کے بعد افتتاح کی تاریخ طے ہوتی ہے۔ پورے شہر میں 31.9 کلومیٹر میٹرو لائن پر 13365 کروڑ روپے خرچ ہونے ہیں۔

اجیت پوار طیارہ حادثہ: جانچ کے لیے بھاری ہجوم کے ساتھ

بارامتی پولیس اسٹیشن پہنچے روہت پوار، دھرنا شروع

بارامتی: 26/فروری (ایجنسیز) این سی پی کے آنجہانی لیڈر اجیت پوار کے طیارہ حادثے کی تحقیقات کا مطالبہ تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج (26 فروری) بارامتی پولیس اسٹیشن کے سامنے کارکنوں کی بھاری بھیڑ جمع ہوگئی ہے۔ این سی پی (ایس پی) کے ممبر اسمبلی روہت پوار معاملہ درج کرانے کے لیے پولیس اسٹیشن پہنچے جہاں انہوں نے سینئر افسران سے رابطہ کیا۔ اس دوران پارٹی کارکنان تھانے کے باہر دھرنے پر بیٹھ گئے ہیں اور نعرے لگا رہے ہیں۔ دریں اثنا آنجہانی این سی پی لیڈر اجیت پوار کے لیے 'انصاف' کا مطالبہ کرنے والے پیغامات لکھی ہوئی تختیاں اٹھائے بڑی تعداد میں حامیوں کی حمایت سے روہت پوار اور یوگیندر پوار نے آج صبح بارامتی تعلقہ پولیس اسٹیشن میں تحریری شکایت درج کرائی۔ اس دوران یوگیندر پوار نے نامہ نگاروں سے کہا کہ ہمارا ماننا ہے کہ وی ایس آر وینچرز کے خلاف ایف آئی آر درج کی جانی چاہیے۔ ہم اس لڑائی میں روہت دادا کی حمایت کرنے آئے ہیں۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اجیت دادا کو انصاف ملے اور حادثے کی تحقیقات میں تیزی لائی جائے۔ معلوم ہو ہے کہ آنجہانی نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کا طیارہ 28 جنوری کو گر کر تباہ ہوگیا تھا۔ اس حادثے میں اجیت پوار اور 5 دیگر افراد کی موت ہوگئی تھی۔ وی ایس آر کمپنی کا یہ طیارہ جو ممبئی سے صبح روانہ ہوا تھا، صبح 8:45 بجے بارامتی ہوائی اڈے کے علاقے میں گر کر تباہ ہوگیا۔ طیارہ حادثے گرنے کے بعد زوردار دھماکہ ہوا۔ دریں اثناء کئی لوگوں نے اس طیارہ حادثے پر شکوک کا اظہار کیا ہے۔ ایم ایل اے روہت پوار نے بھی کچھ سوالات اٹھائے ہیں۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ حادثے میں بلیک باکس بھی تباہ ہوگیا تھا۔

ای ڈی کی بڑی کارروائی، آگرہ میں انسل گروپ کے 598 کروڑ روپے کی جائیداد ضبط

آگرہ: (ایجنسیز) انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 598 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی زمین عارضی طور پر اٹیچ کرلی ہے۔ یہ زمین اتر پردیش

کے شہر آگرہ میں واقع ہے۔ یہ معاملہ رئیل اسٹیٹ کمپنی انسل پراپرٹیز اینڈ انفراسٹرکچر لمیٹڈ (اے پی آئی ایل) سے متعلق ہے۔ ای ڈی نے یہ تحقیقات سی بی آئی کی ایف آئی آر کی بنیاد پر شروع کی تھیں۔ یہ ایف آئی آر سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے سپریم کورٹ کی ہدایت پر درج کی تھی۔ الزام ہے کہ گروگرام میں زمین کے حصول اور اسے بعد میں چھوڑنے (ریلیز کرنے) کے عمل میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیاں کی گئیں۔ معاملہ ہریانہ کے گروگرام کے سیکٹر 58 سے 63 اور 65 سے 67 کی زمین سے جڑا ہے۔ یہ زمین پہلے عوامی مقاصد، جیسے 'ایچ یو ڈی اے' کے ذریعے ترقیاتی کاموں اور لینڈ بینک بنانے کے لیے حاصل کی گئی تھی۔ لیکن بعد میں مبینہ طور پر ملی بھگت سے اس زمین کو نجی بلڈروں کے حق میں ریلیز کردیا گیا۔ ای ڈی کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ اے پی آئی ایل نے زمین کے مالکان سے ایسے وقت پر معاہدے اور جنرل پاور آف اٹارنی (جی پی اے) حاصل کیے، جب زمین پہلے ہی حصول کے لیے نوٹیفائی ہوچکی تھی۔ الزام ہے کہ کئی معاہدے مناسب ادائیگی کے بغیر کیے گئے، ضروری شرائط واضح نہیں تھیں اور بعض دستاویزات میں بعد میں تبدیلیاں کی گئیں۔ حصول اراضی کے عمل کی وجہ سے زمین کے مالکان کی سودے بازی کی قوت کم ہوگئی تھی۔ ایسی صورتحال میں مبینہ طور پر زمین مارکیٹ ریٹ سے کافی کم قیمت پر نجی کمپنیوں کو دلوائی گئی۔ اس سے کمپنی کو فائدہ پہنچا جبکہ کسانوں اور زمین کے مالکان کو نقصان ہوا۔ ہریانہ کے ٹاؤن اینڈ کنٹری پلاننگ ڈیپارٹمنٹ نے اے پی آئی ایل کو 306.142 ایکڑ زمین پر کالونی تیار کرنے کے لیے لائسنس نمبر 18/2010، 21/2011 اور 26/2012 جاری کیے تھے۔ یہ زمین گاؤں بادشاہ پور، گروگرام میں واقع تھی۔ اسی زمین پر ایسینشیا اور ورسالیا نامی پروجیکٹس تیار کیے گئے۔

منی پور تشدد: جانچ کمیٹی کو پیمنٹ نہیں ملنے سے

عدالت عظمیٰ ناراض، 10-10 لاکھ روپے دینے کی ہدایت

نئی دہلی: 26/فروری (ایجنسیز) عدالت عظمیٰ نے منی پور تشدد سے متعلق تفتیش اور نگرانی کے معاملات کے ایک گروپ کی سماعت کی، جس میں اس نے اگست 2023 میں تشکیل دی گئی عدالت کی مقررہ نگرانی کمیٹی کے اراکین کو سفر اور کام سے متعلق اخراجات کی ادائیگی نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ بنچ کی صدارت کر رہے چیف جسٹس آف انڈیا سوریہ کانت نے اس بات پر ناراضگی ظاہر کی کہ گیتا متل کی سربراہی والی کمیٹی کے اراکین کو گزشتہ 2 برسوں سے مسلسل کام کرنے کے باوجود کسی بھی قسم کی تلافی (ری ایمبرسمنٹ) کی ادائیگی نہیں کی گئی۔ اس معاملہ کی سماعت کے دوران عبوری اقدام کے طور پر عدالت نے کمیٹی کے تینوں اراکین میں سے ہرایک کو 10 لاکھ روپے جاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔ بنچ نے واضح کیا کہ اعزازیہ بعد میں الگ سے طے کیا جائے گا اور یہ ہدایت صرف فوری اخراجات پورے کرنے کے لیے ہے۔ اس کے ساتھ ہی سپریم کورٹ نے چند اہم نئے احکامات جاری کرتے ہوئے سی بی آئی اور منی پور ایس آئی ٹی سے کہا کہ وہ 2023 کے منی پور نسلی تشدد کے معاملوں میں داخل کردہ فرد جرم کی کاپیاں متاثرین اور ان کے اہل خانہ کو فراہم کریں۔ یہ ہدایات مہاراشٹر کے سابق پولیس چیف دتاتریے پڑسالگیکر کی بارہویں اسٹیٹس رپورٹ دیکھنے کے بعد جاری کی گئیں، جنہیں منی پور میں فوجداری مقدمات کی تفتیش کی نگرانی سونپی گئی تھی۔ پڑسالگیکر نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ سی بی آئی نے تشدد کے 20 معاملات میں خصوصی عدالت میں چارج شیٹ دائر کی ہے، جبکہ مزید 6 ایف آئی آر میں تفتیش جاری ہے جو آئندہ 6 ماہ میں مکمل ہو جائے گی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وپل ایم پنچولی پر مشتمل بنچ نے سی بی آئی کو ہدایت دی کہ باقی تشدد کے معاملات میں تفتیش مقررہ مدت میں مکمل کی جائے اور فرد جرم داخل کی جائیں۔ سینئر وکیل ورندا گروور کی اس مضبوط دلیل کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ متاثرین اور ان کے اہل خانہ کو مقدمات کے مستقبل کے بارے میں کچھ معلوم نہیں، چیف جسٹس نے سی بی آئی اور ریاستی پولیس کی ایس آئی ٹی سے کہا کہ وہ فرد جرم کی کاپیاں متاثرہ افراد کے ساتھ شیئر کریں۔ بنچ نے منی پور اسٹیٹ لیگل سروسز اتھارٹی (ایس ایل ایس اے) کو ہدایت دی کہ وہ مقدمات کے ٹرائل کے لیے گوہاٹی جانے والے لیگل ایڈ وکلاء کے آنے جانے اور قیام کے اخراجات برداشت کرے۔ عدالت عظمیٰ پہلے ہی مقدمات کو منی پور سے آسام منتقل کر چکی تھی۔ اس نے لیگل سروسز اتھارٹی سے یہ بھی کہا کہ متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ایک رکن کے لیے گوہاٹی آنے جانے اور قیام کے اخراجات برداشت کیے جائیں، تاکہ وہ مقدمات میں شرکت کرسکیں۔

14 برس سے زائد عمر کی لڑکیوں کے لیے ایچ پی وی ٹیکہ کاری مہم کا آغاز، سروائیکل کینسر میں کمی کی امید

نئی دہلی (ایجنسیز) ملک بھر میں 14 سال اور اس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں کے لیے ہیومن پیپیلو ماوائرس (ایچ پی وی) ٹیکہ کاری مہم شروع ہونے والی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اس سے ملک میں سروائیکل کینسر میں نمایاں کمی آسکتی ہے۔ مرکزی وزارت صحت کے حکام نے کہا کہ اس مہم میں ہر سال 14 برس کی ہونے والی تمام 1.15 کروڑ لڑکیوں کا احاطہ کیا جائے گا اور یہ ہندوستان کے یونیورسل امونائزیشن پروگرام (یو آئی پی) سے الگ ایک خاص پروگرام کے طور پر چلے گا۔ ویکسین رضاکارانہ ہوگی اور سرکاری ہیلتھ کیئر سہولیات کے ذریعے مفت فراہم کی جائیں گی۔ یہ فیصلہ، جو تقریباً دو سال سے تیار ہو رہا ہے، عام بجٹ میں کئے گئے اعلان کے بعد آیا ہے کہ حکومت 9 سے 14 سال کی لڑکیوں کے لیے ایچ پی وی ویکسینیشن کو فروغ دے گی۔ افسران نے بتایا کہ حکومت نے تب سے ہدف کو خاص طور پر 14 برس کی عمر تک محدود کر دیا ہے، یہی وہ عمر ہے جس میں ویکسین سب سے زیادہ تحفظ فراہم کرتی ہے۔ سروائیکل کینسر ہندوستان میں خواتین میں دوسرا سب سے عام کینسر ہے۔ وزارت کے افسران نے بتایا کہ ملک میں ہر سال تقریباً 80 ہزار نئے معاملے سامنے آتے ہیں اور 42 ہزار سے زیادہ خواتین کی اس بیماری سے موت ہو جاتی ہے۔ یعنی تقریباً ہر 8 منٹ میں ایک خاتون کی جان جاتی ہے۔ دنیا بھر میں سروائیکل کینسر کے کل کیسیز میں سے تقریباً پانچواں حصہ ہندوستان کا ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) سروائیکل کینسر کو سب سے زیادہ روکے جاسکنے والے کینسر میں سے ایک بتایا ہے بشرطیکہ ویکسینیشن اور اسکریننگ آسانی سے دستیاب ہو۔ بتا دیں کہ ہیومن پیپیلو ماوائرس ایک عام جنسی طور پر منتقل ہونے والا انفیکشن ہے جس کا زیادہ تر جنسی طور پر متحرک افراد اپنی زندگی کے کسی نہ کسی موقع پر تجربہ کرتے ہیں۔ زیادہ تر معاملات میں جسم ایک یا دو سال میں خود ہی وائرس کو صاف کر دیتا ہے۔ مشکل تب ہوتی ہے جب ایسا نہیں ہوتا۔ ہائی رسک والے ایچ وی پی ٹائپ کا مسلسل انفیکشن دنیا بھر میں سروائیکل کینسر کے تقریباً 95 فیصد کیسز کے لیے ذمہ دار ہے۔ یہ وائرس دوسرے کینسر سے بھی منسلک ہے۔ وائرس کی سب سے زیادہ خطرناک قسمیں خاص طور پر 16 اور 18 گریوا میں خلیے کی غیر معمولی تبدیلیوں کا سبب بن سکتی ہیں۔ یہ تبدیلیاں پہلے قبل از کینسر زخموں کے طور پر ظاہر ہوتی ہیں۔ اگر ابتدائی طور پر پتہ نہ چلے اور علاج نہ کیا جائے تو یہ زخم 10 سے 15 سال میں سروائیکل کینسر میں بدل سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایمس، نئی دہلی کے شعبہ امراض نسواں کی ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر سیما سنگھل نے کہا کہ ویکسینیشن اس بیماری کو بڑھنے سے روکنے کے سب سے موثر طریقوں میں سے ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہائی رسک ایچ پی وی وائرس کے خلاف موثر ہے۔ اگر یہ ویکسین چھوٹی لڑکیوں کو دی جائے تو اس سے قبل از وقت کینسر اور کینسر ہونے کا خطرہ تقریباً 90 سے 95 فیصد تک کم ہوسکتا ہے۔

جب تک اراولی کی تعریف طے نہیں ہوتی، تب تک کانکنی پر پابندی عائد

سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ

نئی دہلی: (ایجنسیز) اراولی پہاڑی سلسلہ کو تحفظ فراہم کرنے کے مقصد سے سپریم کورٹ میں اہم سماعت ہوئی، جس میں عدالت عظمیٰ نے کہا کہ جب تک اراولی کی صحیح تعریف طے نہیں ہو جاتی اور متعلقہ علاقہ کے ماہرین کی کمیٹی اپنی رپورٹ نہیں دیتی تب تک کانکنی کا کوئی نیا پٹہ جاری نہیں کیا جائے گا۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ اراولی کی تعریف سے متعلق از سر نو جانچ کے لیے متعلقہ علاقہ کے ماہرین کی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ سپریم کورٹ ماہرین کی کمیٹی سے متعلق کہا کہ وزارت ماحولیات اس کے لیے ناموں کا مشورہ دے گی۔ اراولی معاملہ سے جڑے سینئر وکلا سے بھی ماہرین کے نام طلب کیے جائیں گے۔ کمیٹی کی رپورٹ آنے تک اراولی علاقہ میں کانکنی کے کسی بھی نئے پٹہ پر روک جاری رہے گی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ مسئلہ یہ ہے کہ ابھی تک کسی کو نہیں معلوم کہ اراولی کیا ہے؟ چیف جسٹس آف انڈیا نے یہ تبصرہ تب کیا جب سینئر وکیل مکل روہتگی نے اپنے ایک موکل کا موقف رکھا، جس نے 10 سال کی طویل قانونی لڑائی کے بعد کانکنی پٹہ حاصل کیا تھا۔ اس پر عدالت نے کہا کہ فی الحال نیا پٹہ جاری نہیں ہوگا۔ علاوہ ازیں جن کاموں کے لیے لائسنس جاری کیے گئے ہیں، انھیں بھی فی الحال روکنا ہوگا۔ دراصل پورا تنازعہ اراولی کی نئی تعریف (100 میٹر کا اصول) کے بعد شروع ہوا ہے۔ اب صرف انہی ڈھانچوں کو اراولی پہاڑی مانا جائے گا جن کی اونچائی اپنے آس پاس کی زمین سے 100 میٹر یا اس سے زیادہ ہے۔ جو پہاڑیاں 100 میٹر سے کم اونچی ہیں، وہ اب اراولی کی رینج میں نہیں آئیں گی، جس سے وہاں کانکنی، رئیل اسٹیٹ اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کا راستہ صاف ہو سکتا ہے۔ وزیر ماحولیات بھوپیندر یادو نے اس تعلق سے کہا تھا کہ اراولی کے مجموعی 1.44 لاکھ اسکوائر کلومیٹر خطہ میں محض 217 کلومیٹر میں، یعنی صرف 0.19 فیصد حصہ میں ہی کانکنی کی اجازت ہے، کیونکہ اراولی کی پہاڑیوں کی پیمائش میں 100 میٹر کا مطلب صرف زمین سے چوٹی تک کی اونچائی سے نہیں ہے۔

پولیس تھانوں میں خراب سی سی ٹی وی پر سپریم کورٹ سخت

مرکز کو 14 مارچ کی اہم میٹنگ میں شامل ہونے کی ہدایت

نئی دہلی: (ایجنسیز) سپریم کورٹ نے پولیس تھانوں میں سی سی ٹی وی کیمروں کی کمی کو لے کر مرکزی حکومت اور دیگر فریقین کو ہدایت دی ہے کہ وہ مرکزی ڈیش بورڈ اور سی ٹی وی کے معیاری نظام سے متعلق میٹنگ میں لازمی طور پر شرکت کریں۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی بنچ نے امیکس کیوری سینئر ایڈووکیٹ سدھارتھ دوے کے دلائل سننے کے بعد یہ حکم جاری کیا۔ سدھارتھ دوے نے بتایا کہ 21 فروری کو ہونے والی میٹنگ میں مرکزی حکومت، دہلی حکومت اور کچھ ریاستیں شریک نہیں ہوئیں تھیں، جس کی وجہ سے رپورٹ داخل نہیں کی جا سکی تھی۔ ان دلائل پر غور کرتے ہوئے عدالت نے حکم دیا کہ حکومت ہند کے وکیل پہلے ہی معذرت کر چکے ہیں کہ مواصلاتی خرابی کی وجہ سے وہ میٹنگ میں شریک نہیں ہوسکے تھے۔ حالانکہ انہوں نے ہمیں یقین دہانی کرائی ہے کہ اگلی میٹنگ میں وہ مکمل تعاون کریں گے۔ بنچ نے کہا کہ امیکس کیوری نے میٹنگ کے لیے 14 مارچ کی تاریخ تجویز کی ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ اگلی میٹنگ 14 مارچ کو ہوگی اور تمام فریقین کو اس میں تعاون کرنا ہوگا۔ اس معاملے کی اگلی سماعت 23 مارچ کو مقرر کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے 2018 میں تھانوں میں انسانی حقوق کی پامالی کو روکنے کے لیے سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کا حکم دیا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل سپریم کورٹ نے ایک میڈیا رپورٹ کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس اسٹیشنوں میں فعال سی سی ٹی وی کیمروں کی کمی پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے عوامی مفاد کی عرضی درج کرنے کی ہدایت دی تھی۔ سپریم کورٹ نے 2018 میں انسانی حقوق کی پامالیوں کی روک تھام اور ان کی تحقیقات کے لیے پولیس اسٹیشنوں میں سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کا حکم دیا تھا۔ دسمبر 2020 میں سپریم کورٹ نے مرکز کو سی بی آئی، ای ڈی اور نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) سمیت تحقیقاتی ایجنسیوں کے دفاتر میں سی سی ٹی وی کیمرے اور ریکارڈنگ کا سامان نصب کرنے کی ہدایت دی تھی۔ اس میں کہا گیا تھا کہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ تمام پولیس اسٹیشن میں، تمام داخلی اور خارجی راستوں پر، مرکزی دروازے پر، لاک-اپ میں، راہداریوں، لابی اور ریسپشن میں، ساتھ ہی لاک-اپ کمروں کے باہر کے حصوں میں بھی سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جائیں تاکہ کوئی بھی حصہ سیکورٹی کے بغیر نہ رہ جائے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ سی سی ٹی وی سسٹم میں نائٹ وژن کی سہولت ہونی چاہیے اور اس میں ویڈیو کے ساتھ ساتھ آڈیو فوٹیج بھی ہونی چاہیے۔ عدالت نے مرکز، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لیے ایسے سسٹم خریدنا لازمی قرار دے دیا ہے، جو کم از کم ایک سال تک ڈیٹا محفوظ کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہوں۔

'دی کیرالہ اسٹوری-2' کو ریلیز سے ایک دن قبل ہائی کورٹ نے دیا جھٹکا، 15 دنوں کے لیے فلم کی ریلیز ملتوی

ترووننت پورم: 'دی کیرالہ اسٹوری-2' سرخیوں میں ہے، لیکن ریلیز سے ایک دن قبل اسے عدالت نے شدید جھٹکا دیا ہے۔ کیرالہ ہائی کورٹ نے جمعرات کو اس فلم کی ریلیز پر عبوری روک لگا دی ہے۔ یہ روک فی الحال 15 دنوں کے لیے لگائی گئی ہے، یعنی کم از کم 15 دنوں کے لیے فلم کی ریلیز ملتوی ہوگئی ہے۔ کیرالہ ہائی کورٹ کا کہنا ہے کہ پہلی نظر میں ایسا لگتا ہے جیسے سنسر بورڈ نے فلم کو سرٹیفکیٹ دیتے ہوئے سوچ سمجھ کر کام نہیں لیا۔ جسٹس بیچو کورین تھامس نے فلم کی ریلیز کو چیلنج دینے والی 2 عرضیوں پر یہ حکم صادر کیا ہے۔ فلم 27 فروری کو ریلیز ہونے والی تھی۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا ہے کہ فلم سے سماجی خیر سگالی نہ بگڑے، یہ پختہ کرنے کے لیے بنائی گئی گائیڈ لائنس پر سنٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن نے عمل نہیں کیا۔ ہائی کورٹ میں داخل عرضیوں میں 'دی کیرالہ اسٹوری-2' کے میکرس کو سنٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن (سی بی ایف سی) سے ملے سرٹیفکیشن کو چیلنج پیش کیا گیا تھا۔ ان عرضیوں میں دعویٰ کیا گیا کہ فلم میں کیرالہ کو غلط طریقے سے دکھایا گیا۔ اس سے نظام قانون بگڑ سکتا ہے۔ فلم کی ریلیز کو چیلنج دینے والی عرضیوں میں عرضی دہندگان نے کہا کہ فلم کا نام اور پرموشنل مواد دونوں ہی کیرالہ کو غلط طریقے سے پیش کرتے ہیں۔

ٹی-20 عالمی کپ: جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹوں سے ہرا کر ہندوستان کا کام کیا آسان

جنوبی افریقہ نے آج 'ٹی-20 عالمی کپ 2026' کے ایک اہم سپر-8 مقابلہ میں ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹوں سے شکست فاش دے دی۔ جنوبی افریقہ کی اس بڑی جیت میں اس کے کپتان ایڈن مارکرم کی طوفانی اننگ کا اہم کردار رہا۔ کوئنٹن ڈیکاک اور ریان ریکلٹن نے بھی اس کام میں ان کا بھرپور تعاون کیا۔ جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچنے کے اپنے ارادے کو تو پروان چڑھایا ہی ہے، ہندوستانی ٹیم کے لیے بھی آسانیاں میسر کر دی ہیں۔ جنوبی افریقہ کی جیت سے اب ہندوستان کے سیمی فائنل میں کھیلنے کی امیدیں بڑھ گئی ہیں۔ ویسٹ انڈیز نے جنوبی افریقہ کے سامنے جیت کے لیے 177 رنوں کا ہدف رکھا تھا۔ اس ہدف کو جنوبی افریقہ نے 23 گیندیں باقی رہتے حاصل کرلیا۔ 9 وکٹ سے ویسٹ انڈیز کو ملی شکست نے ٹیم کا رن ریٹ بھی خراب کر دیا۔ اس میچ سے قبل ویسٹ انڈیز کا رن ریٹ 5.35 تھا، جو شکست کے بعد 1.791 پر آ گیا۔ ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹ سے ہرانے کے بعد جنوبی افریقہ اب سپر-8 کے 'گروپ-1' میں ٹاپ پوزیشن پر مضبوطی کے ساتھ کھڑی ہے۔ وہ ایک طرح سے سیمی فائنل میں پہنچ بھی چکی ہے، کیونکہ اس کے 4 پوائنٹس ہیں اور رن ریٹ بھی اچھا ہے۔ ہندوستان کو سیمی فائنل میں پہنچنے کے لیے آج زمبابوے کے خلاف کھیلے جا رہے میچ میں جیت کے ساتھ ساتھ ویسٹ انڈیز کے ساتھ ہونے والے میچ میں جیت حاصل کرنی ہوگی۔ بہر حال، آج کے میچ میں ویسٹ انڈیز کی شروعات بہت خراب رہی تھی، کیونکہ اس کے 7 وکٹ تو 83 رن پر ہی گر چکے تھے۔ آٹھویں وکٹ کے لیے جیسن ہولڈر اور روماریو شیفرڈ کے درمیان 89 رنوں کی شاندار شراکت داری ہوئی، جس کی وجہ سے ٹیم 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 176 رن تک پہنچ پائی۔ جیسن ہولڈر نے 31 گیندوں پر 49 رنوں کی بہترین اننگ کھیلی، جبکہ شیفرڈ نے 37 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 52 رن بنائے۔ جنوبی افریقہ کی طرف سے لنگی اینگیڈی نے سب سے زیادہ 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ 2-2 وکٹ کگیسو ربادا اور کوربن بوش کو ملے۔ جنوبی افریقہ نے یہ ہدف انتہائی آسانی سے پورا کرلیا، کیونکہ سلامی بلے باز کوئنٹن ڈیکاک اور کپتان ایڈن مارکرم نے پہلے وکٹ کے لیے 8 اوورس میں 95 رنوں کی شراکت داری کردی تھی۔

ماہ رمضان مبارک
چکن کے تمام لذیذ آئٹمس دستیاب
ہوٹل یلغار
علیحدہ فیملی سیکشن اور پارکنگ کا خصوصی نظم
خالص حیدرآبادی بریانی کے لیے تشریف لائیں
احاطہ حیدر گارڈن فنکشن ہال مال ٹیکڑی روڈ ناندیڑ



آج کا افطار: 6:30
کل کی سحر: 5:23



قومی سائنس دن 28 ر فروری، 2026: ”سائنس میں خواتین: ترقی یافتہ ہندوستان“

”رمن اثر“ کے بھارت رتن سی وی رمن، طبعیات 1930 کے نوبل انعام یافتہ جگن
بھارت کے ایک ہی خاندان کے دو افراد کو فزکس کا نوبل انعام حاصل کرنے کا منفرد اعزاز



انجینئر محمود اقبال

” قومی سائنس دن“ National Science) Day)، ہر سال 28 فروری کو ہندوستان بھر میں منایا جاتا ہے۔ مایۂ ناز ہندوستانی ماہرِ طبیعیات ڈاکٹر سر سی وی رمن (Raman. V. C.Dr) نے 28 فروری، 1928 میں ”رمن اثر“ (Raman Effect) دریافت کیا تھا۔ اس تحقیق اور دریافت پر وہ 1930 کے فزکس کے نوبل انعام سے نوازے گئے تھے۔ ہندوستانی حکومت نے 1986 میں فیصلہ لیا تھا کہ ہر سال ملک بھر میں 28 فروری کو ”قومی سائنس دن“ کے طور پر منایا جائیگا۔ اس کا پہلا جشن 1987 میں منایا گیا تھا۔ رمن اثر کیا ہے؟ ڈاکٹر سی وی رمن (Raman. V. C.Dr) کی دریافت ”رمن اثر“ سے مراد 28 فروری، 1928 کا دن ہے، جب ڈاکٹر رمن نے دریافت کیا کہ ”روشنی جب سالمات (molecules) یا شفاف مادے سے منتشر ہوتی ہے تو اس کی ”طولِ موج“ (wavelength) تبدیل ہو جاتی ہے“۔ اس مظہر کو ”رمن اثر“ (Raman Effect) کہا جاتا ہے۔ سادہ الفاظ میں ”جب ایک رنگی روشنی مثلاً لیزر، کسی شفاف مادّے پر پڑتی ہے تو بکھرنے والی روشنی کی اکثر شعاعیں وہی طول موج رکھتی ہیں، لیکن کچھ شعاعوں کی ”طولِ موج“ (Wave Length) بدل جاتی ہے۔ اسی تبدیلی کو ”رمن اثر“ کہتے ہیں۔ ”طولِ موج“ میں تبدیلی کیسے ہوتی ہے؟ ”روشنی کا فوٹون“ کسی مادے کے سالمات سے ٹکرائے تو دو مظہر وقوع پذیر ہوتے ہیں: اگر فوٹون سالمے کو توانائی دے تو فوٹون کی توانائی کم ہو جاتی ہے، اگر فوٹون سالمے سے توانائی لے لے تو فوٹون کی توانائی بڑھ جاتی ہے۔ آج کے ترقی یافتہ زمانہ میں اس کا استعمال زندگی کے مختلف شعبوں میں کامیابی سے ہو رہا ہے۔ کیمیائی تجزیہ (Chemical Analysis)، طبی تشخیص (Mdical Diagnostic)، مادی سائنس (Material Science) اور خلائی تحقیق (Space Research)۔ یہی اہم دریافت ”قومی یومِ سائنس“ کی یادگار بنیاد ہے۔ ڈاکٹر رمن کو سائنس کے میدان میں نوبل انعام حاصل کرنے والے پہلے ایشیائی ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔

ہندوستان میں ”قومی سائنس دن“ ہر سال 28 فروری کو اسکولوں، کالجوں، جامعات، تحقیقی اداروں اور سرکاری تنظیموں میں منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر مختلف پروگرامز منعقد کیے جاتے ہیں۔ مثلاً، سائنس نمائش، سیمینار اور لیکچرز وغیرہ۔ طلباء میں مسابقتی مقابلے اور سائنسی آگاہی کی مہمات چلائی جاتی ہیں۔ یہ یادگار دن ہندوستان بھر میں سائنس اور سائنسی مزاج کو فروغ دینے کا باعث بن رہا ہے۔ طلبہ کو تحریک دیتا ہے اور قومی ترقی میں سائنس کے کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ مسابقتی امتحانات کے لیے اہم عمومی معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد سائنسی سوچ کو فروغ دینا اور نوجوان ذہنوں کو سائنس کی طرف راغب کرنا ہے۔ یہ موقع ہندوستان کی سائنسی کامیابیوں اور معاشرے پر ان کے اثرات کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ مسابقتی امتحانات کی تیاری کرنے والوں کے لیے یہ دن حالاتِ حاضرہ اور معلومات کا ایک اہم موضوع ہے۔ ہر سال قومی یومِ سائنس ایک مخصوص موضوع (Theme) کے تحت منایا جاتا ہے۔ اس سال کا موضوع ہے۔ ”سائنس میں خواتین: ترقی کے سفر کا ایک فعال کردار“ Women in Science:Catalysing Viksit) (Bharat۔ یہ موضوع سائنس، ٹیکنالوجی یا جدّت کے اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ”قومی یومِ سائنس“ ہندوستان کے لیے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ نئی نسل کو سائنس کے شعبے میں پیشہ اختیار کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ یہ دن سائنسی مزاج کو فروغ دیتا ہے، منطقی سوچ اور شواہد پر مبنی فیصلوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس سے شہریوں کو سائنس اور توہم پرستی میں فرق سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ ”قومی یومِ سائنس 2026“ کا انعقاد ایک ترقی یافتہ قوم کے وژن کی حمایت کرتا ہے۔ سائنسی خلائی مشنز، دفاع اور صحت کے شعبوں کو تقویت دیتا ہے۔ اس دن کے اہم مقاصد میں آگاہی، ترغیب، اعتراف، جدّت اور مؤثر ابلاغ شامل ہیں۔ اسکول، کالج اور کوچنگ ادارے قومی یومِ سائنس کو بھرپور طریقے سے مناتے ہیں۔ سرگرمیوں میں سائنسی نمائشیں، ماڈل کی نمائش اور پوسٹر مقابلے شامل ہوتے ہیں۔ کوئز مقابلوں کے ذریعے سائنس دانوں اور ایجادات سے متعلق معلومات کو پرکھا اور سمجھا جاتا ہے۔ ماہرین کے خطابات اور سیمینار منعقد کیے جاتے ہیں، جبکہ مباحثوں میں مصنوعی ذہانت (AI) اور اس کے اثرات جیسے موضوعات بھی زیرِ بحث آتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں طلبہ کو سائنس کو روزمرہ زندگی سے جوڑنے میں مدد دیتی ہیں۔ کوچنگ مراکز بھارتی سائنس دانوں اور دفاعی ٹیکنالوجی پر جنرل نالج سیشن منعقد کرتے ہیں، جس سے مسابقتی امتحانات کی تیاری میں مدد ملتی ہے۔

ڈاکٹر سی وی رمن کی پیدائش 7 نومبر، 1888 کی ہے۔ وہ ٹامل ناڈو کے شہر تراچراپلی میں پیدا ہوئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب کا تعلق ایک ٹامل برہمن فیملی سے تھا۔ انکا پورا نام چندر شیکھر وینکٹ رمن ہے۔ 82 سال کی بھرپور عمر پا کر وہ بنگلورو میں 21 نومبر، 1970 میں فوت ہوئے۔ وہ ایک درس و تدریس سے جڑے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ انکے والد آر چندرا شیکھرا ایئر فزکس اور ریاضی کے لیکچرر تھے۔ رمن جی نے پریسیڈنسی کالج مدراس سے 1904 میں بی اے کی ڈگری، بعد ازاں 1907 میں ایم اے فزکس آنرس سے پاس کی تھی※ اور اسی سال ”لوکا سندری امّل“ سے شادی اور ازدواجی زندگی شروع کی۔ 1917 میں وہ کولکاتا منتقل ہوئے اور کولکاتا یونیورسٹی میں فزکس ڈپارٹمنٹ کے ”پلت چیئر“ کی ذمہ داری سنبھالی۔ ہندوستان کے نامور سائنسی ادارے آئی آئی ایس بنگلورو کے وہ پہلے ہندوستانی ڈائرکٹر کے طور پر 1933 میں ذمہ داری سنبھالی تھی۔ انہوں نے اپنے ذاتی ادارہ ”رمن ریسرچ انسٹیٹیوٹ“ بنگلورو کی 1948 میں بنیاد رکھی، اور آخری سانس تک اسکی ذمہ داری سنبھالے رکھی۔ ڈاکٹر صاحب کے نامور شاگردوں میں ایک اہم نام اسرو کے ڈاکٹر وکرم سارا بھائی کا بھی ہے۔ ڈاکٹر صاحب ایک اچھے محب وطن سائنسداں تھے۔ انہوں نے امریکہ یا دیگر ترقی یافتہ ملکوں میں ہجرت کے بجائے وطن عزیز ہی میں رہ کر سائنسی خدمات کو ترجیح دی تھی۔ 1954 میں وہ ہندوستان کے پروقار ایوارڈ ”بھارت رتن“ سے بھی نوازے گئے تھے۔ یہ بھی انکا اعزاز ہے کہ 1958 میں وہ ”لینن امن انعام“ کے حقدار ٹھہرے تھے۔ اس کے علاوہ کئی اور دیگر اعزازات اور ایوارڈز سے بھی وہ نوازے گئے۔ رمن جی کے گھرانے کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ انکے بھتیجے سبرامنیم چندرا شیکھر نے بھی آگے چل کر فزکس کا نوبل انعام 1983 میں پایا۔ اس سال کے تھیم کے مطابق نوجوان سائنس دانوں اور طالبات کے لئے رمن جی کے علاوہ ہندوستان کی چند نامور خاتون سائنس دانوں میں ریتو کاریدھال، جگن دیپ کانگ، ٹیسی تھامس اور میری پونم کے نام قابل ذکر ہیں اور وہ طلاب کے لئے مشعل راہ ہیں۔

قرآن اور رمضان کے روزے: نفس کی بندگی سے چھٹکارا دلاتے ہیں...!

محمد عبدالحفیظ اسلامی

خطیب مسجد صالحہ قاسم وسینئر کالم نگار حیدرآباد

حقیقت یہ ہیکہ روزہ ہمارے اندر یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ ”اللہ تعالی ہمیں ہر آن دیکھ رہا ہے“ یہ احساس ہر ایک ایمان والے روزدار کی کامیابی کے لئے بیحد ضروری ہے۔ کیونکہ اللہ کا ہر لمحہ ہر وقت ہم پر نظر رکھنے کا احساس ختم ہوا، یا پھر اس میں کمی واقع ہوگئی تو پھر انسان شیطان کے ہتے چڑھ جاتا ہے.... چنانچہ یہی وہ احساس ہے کہ روزے کے ذریعہ اہل ایمان کے قلب وذہن، فکر ونظر میں روحانی ارتقاء کا سامان فراہم کردیا جاتا ہے اور روزے کا مقصود بھی یہی ہے۔ مثلاً روزہ کی حالت میں انسان اگر کچھ چھپ چھپا کر کھا پی لے تو اسے دیکھنے والا کوئی نہیں رہتا لیکن ایک صائم (روزہ دار) ایسا عمل ہرگز ہرگز نہیں کرتا کیونکہ روزے کے ذریعہ خیرامت کے افراد اس اونچے مقام پر پہنچ جاتے ہیں کہ کوئی دیکھے نہ دیکھے، خدا کی ذات کا ان پر نظر رکھا جانا انہیں ہمیشہ یاد دلاتے رہتا ہے کہ اللہ کی نافرمانی سے مجتنب رہا جائے! اس طرح ”اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیۡکُمۡ رَقِیۡبًا“ یقین جانو کہ اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے۔ (سورہ النساء آیت 1) کی کیفیت کے ساتھ ان کے شب وروز گزرنے لگتے ہیں روزہ ایمان والوں کے اندر اجتماعیت کے علاوہ نظم کا پابند اور احکام الٰہی کا خوگر ونفس کی بندگی سے اجتناب کی طرف مائل کرتا ہے، کیونکہ سحر و افطار کا جو بھی وقت متعین ہوتا ہے اس کی پابندی سب لوگوں پر لازم ہوتی ہے....!!! اپنی مرضی وسہولت کا اس میں ہرگز کوئی دخل نہیں ہوتا، اس طرح ان کی زندگی سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی تصویر صاف طور پر ظاہر ہوتی ہے جو مومنوں کے اوصاف میں داخل ہے، اور زندگی میں ہر کام وقت پر کرنے کی اچھی طرح مشق ہوجاتی ہے، اس سلسلہ میں اللہ تعالی نے یہ حکم فرمایا ہے کہ ”وَکُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الۡخَیۡطُ الۡاَبۡیَضُ مِنَ الۡخَیۡطِ الۡاَسۡوَدِ مِنَ الۡفَجۡرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی الَّیۡلِ“ (سورہ البقرہ آیت 187) اس طرح سارے لوگ ایک ہی وقت میں سحر کرتے ہیں اور وقت متعینہ پر ختم کرتے اور دن بھر روزہ رکھتے ہوئے شام کے ایک مقررہ وقت پر افطار کرتے ہیں گویا کہ یہ ایک عظیم اجتماعیت کا عملی مظاہرہ ہے اور نظم کی پابندی ہے، جو اہل ایمان سے صبح وشام کروائی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ نے یہ تاکید فرمائی کہ ”تسحروا و فان فی السحور برکۃ“ (بخاری) نبی ﷺ نے فرمایا سحری کھاو اس لئے کہ سحری میں برکت ہے اور اسی طرح افطار کے سلسلہ میں بھی آپؐ نے رہنمائی فرمادی، جس کے راوی حضرت سہیل بن سعدؓ ہیں جس میں فرمایا گیا عن سھل بن سعید: ان رسول اللہ ﷺ ”قال لا یزالہ الناس بخیر ما عجلو الفطر“ (بخاری) حضرت سہیل بن سعیدؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ لوگ (اہل ایمان) اچھی حالت میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے۔ گویا اس سے یہود کی ایجاد کردہ بدعات سے بچایا جارہا ہے کیونکہ ان کی مختلف بدعات میں یہ بات بھی شامل تھی کہ افطار میں تاخیر کی جائے۔

اس طرح رمضان کے روزے نفس کی بندگی، طبع ذات self created اور من گھڑت fabricated method طریقوں سے چھٹکارا دلاتے اور نظم کا پابند بناتے اور مضبوط اجتماعیت کا درس دیتے ہیں؛ اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب ﷺ کے ارشادات کا پابند بناتے ہوئے بدعات سے بچنے کی تعلیم بھی دیتے ہیں۔ اس طرح خیرامت کے افراد میں نکھار پیدا ہوتا ہے تا کہ ایک صالح معاشرہ وجود میں آئے علاوہ ازیں روزہ کے ذریعہ لوگوں کے اندر خدمت خلق کا جذبہ ابھر کر آتا ہے اور روزہ کا مطلوب بھی یہی ہے کہ اس کے ذریعہ معاشرے میں ہمدردی کا رجحان اور نیکیوں کی لہر پیدا ہو، غریب ونادار بیوہ ولاچار، یتیم و بے سہارا لوگوں کیلئے راحت رسانی کا سلسلہ جاری رہے اور اس کے ساتھ ساتھ عمل خیر کا کام آگے بڑھتا رہے، اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے صدقات، وخیرات رشتہ داروں کی مدد اور عام مسلمانوں اور انسانوں کی خدمت کیلئے بہت زیادہ زور دیا ہے اور اس کے صلہ میں جو اجر عظیم اللہ کی طرف سے عطا کیا جائے گا اس کی نشاندہی بھی فرمادی تا کہ لوگ خیرات کے عمل میں سبقت لے جائیں۔ اس طرح رمضان مبارک میں روزے کے ذریعہ خیر خیرات لوگوں کو نفع پہنچانا غربا ومساکین؛ یتیموں بیواوں کی خبرگیری وغیرہ، نیکیوں کی ایک بہار ہر طرف چھا جاتی ہے، پھر اس سے آگے رات کا قیام بھی ضروری قرار دیا جسے ”قیام لیل“ کہا جاتا ہے یوں تو عام دنوں میں نماز پنجگانہ تو ہر مسلمان کیلئے لازمی شرط ہے اور یہ چیز ایمان وکفر میں امتیاز پیدا کرنے والی ہے، لیکن اہل ایمان کو مزید روحانی قوت عطا فرمانے اور اللہ تعالیٰ سے رابطہ میں مزید اضافہ ہو، اس کا قرب حاصل ہو، اس کے لئے یہ طریقہ بتلایا گیا کہ رمضان کی راتوں میں قیام الیل ”تراویح پڑھی“ جائے اور اس میں قرآن حکیم کو خوب پڑھا اور سنا جائے تا کہ اس (دستور حیات) کے احکامات کی یاد دہانی ہوجائے اور اس پر عمل کیا جائے۔ اللہ نے اپنے بندوں کی ہدایت کا سامان فراہم کرنے کیلئے محمد ﷺ کے قلب اطہر پر قرآن مجید نازل فرمایا، لہٰذا اس کی تلاوت کی جائے اسے سمجھا جائے اور اس پر عمل کیا جائے اور اس کی دعوت کو عام کیا جائے اور بندگان خدا تک اسے پہنچایا جائے تا کہ عامۃ الناس کو حق و باطل میں فرق معلوم ہوجائے۔ اس وقت قرآن کی دعوت کو عام کرنے کی الحمدللہ بہت کچھ سعی ہورہی ہے اور اس کے اچھے نتائج بھی ظاہر ہورہے ہیں لیکن یہ کام خلفاء راشدین صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین اور بعد کے اسلاف کے دور میں جس تیزی کے ساتھ آگے بڑھا اب وہ کیفیت پائی نہیں جاتی شائد یہ ہماری تربیت میں کچھ کمی ہے یا فکر ونظر کی کوتاہی ”intellectual failure“ ہوسکتی ہے..!

آج ہم نے (الاماشاء اللہ) قرآن حکیم کو صرف ثواب حاصل کرنے کی حد تک محدود کردیا ہے، یا پھر کچھ خاص لوگ ہی اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں!!! حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن حکیم کو سارے انسانوں کی ہدایت کے لیئے اسی ماہ مبارک میں نازل کیا گیا ہے لہذا اسکے مضامین کو عام کیا جانا ضروری ہے، اسے سمجھ کر پڑھنے کی طرف عام مسلمانوں کو راغب کیا جانا بھی اشد ضروری ہے، ورنہ قرآن کی تعلیمات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین، اہل ایمان کی زندگی سے نکلتے چلے جائیں گے، نتیجتاً، عام مسلمان اللہ تعالی کے احکامات کی پرواہ کیئیے بغیر ”تطہیر نفس وتزکیہ نفس“ کے مسنون طریقوں سے بے گانہ ہوکر، خود ساختہ artificial / manufactured اور غیر مسنون طریقوں کو اس کی جگہ رائج کرکے قرآن وحدیث اور روش صحابہؓ اور علماءِ حق سے اپنا فاصلہ بڑھالیں گے اور الا ماشا اللہ عملاً ایسا ہوبھی رہا ہے، جو ایک غور طلب چیز ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اصلاح نفس، ارتقاء باطن و ظاہری حسنات کے حصول کیلئے قرآن مجید و فرقان حمید جیسی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت وسیرت اور آپ کے تربیت یافتہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کے شب وروز سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز کارگر نہیں ہوسکتی کیونکہ قرآن مجید لوگوں کو ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لاتا ہے۔ گمراہی سے بچاتا ہے راہ ہدایت دکھاتا ہے اور اسی طرح رسول اللہ ﷺ کے ارشادات گرامی اللہ تعالیٰ کے منشا کو واضح کرتے ہیں اور اللہ کی رضا و خوشنودی divine pleasure تک پہنچادیتے ہیں، یہ قرآن حکیم کا ہی کرشمہ تھا اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات ہی کا نتیجہ تھا کہ عرب کے جاہل لوگ جو اپنی ننھی ننھی لڑکیوں کو زندہ گاڑ دیا کرتے تھے وہ لڑکیوں کی قدر کرنے والے بنے، زنا، چوری، ڈاکہ زنی، یتیم کا مال کھانا، بیواوں پر زبردستی قابض ہونا، شراب خوری، جوا، آپسی لڑائیاں، قتل و خوں غارت گری ان ساری چیزوں کے خاتمہ کیلئے قرآن ہی وہ بنیادی چیز تھی جو ان کے اندر صالح تبدیلی پیدا کردی اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات نے ہی ان کی زندگیوں میں ایک صالح انقلاب عظیم برپا کردیا۔ الغرض رمضان المبارک ہمیں یہ موقع عطا کرتا ہے کہ ہم اس ماہ کی رحمتوں برکتوں اور مغفرتوں؛ جہنم سے چھٹکارا حاصل کرنے کی ساعتوں سے فائدہ اٹھائیں اور قرآن حکیم کی خوب تلاوت کریں اور ہمارے علماء کرام و مفسرین عظام نے منشا خداوندی اور دین اسلام کی باتوں کو عام کرنے کیلئے قرآن حکیم کے ہماری مادری زبان میں تراجم کردیئے ہیں اور اس کے مفاہیم کو عام کرنے کیلئے آسان سے آسان تفسیریں لکھ چکے، اس کے علاوہ محدثین کرام نے بھی اس کام میں اپنا بھرپور تعاون پیش کیا اور الحمد اللہ اس ملک میں جماعت اسلامی نے ملک کی تقریباً ہر زبان میں قرآن حکیم کے تراجم وتفسیر کرا چکی اور اسلامی لٹریچر پر مشتمل بہت سارا مواد عام الناس کے لیے مہیا کردیا؛ دیگر مشہور ومقبول اور معروف مفسرین کے ترجمے وتفاسیر بھی منظر عام پر آچکے ہیں جس کی قدر کرنی چاہئے اور ان تراجم وتفاسیر کو عام مسلمانوں کے علاوہ برادران وطن تک بھی پہنچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے کیونکہ یہ کتاب مجید ”ھدی للناس“ اور ”الفرقان“ ہے جو رمضان کے مہینے کے آخری عشرے کی برکت والی رات شب قدر میں نازل ہوئی ہے۔ آیئے ان شااللہ، اس رمضان مبارک میں یہ ارادہ کرلیں کہ ہم قرآن مجید سے اپنے کو رجوع turn to the qran کرلیں گے خود پڑھیں گے سمجھیں گے عمل کریں گے اپنے نوجوان نسلوں کو پڑھایں گے اور انہیں اس سے جوڑ دیں گے اور محلوں کی مساجد میں اسکے دروس کا اہتمام کرنے کی خلوص نیت کے ساتھ کوشش کریں گے، اور اپنے گھروں کو اس کی تعلیم سے پرنور بنائیں گے۔ آج ہر مسلمان عاقل وبالغ مرد وخواتین کے دل ودماغ میں یہ بات بیٹھادی جاے کہ ”قرآن وحدیث کی دعوت کو لے کر اٹھو اور پوری دنیا پر چھا جاؤ“ جس طرح قرون اولی early times میں اللہ کے پسند دیدہ لوگوں (سلف صالحین) نے بے خوف ہو کر دین پر پورے طور پر چلتے ہوئے اس کی اقامت کے لئے جدو جہد فرمائی تھی، اور اپنے اس سعی وعمل میں کامیاب بھی ہوگئے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الحَقَ حَقًّا وَارزُقنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا البَاطِلَ بَاطِلاً وَارزُقنَا اجتِنَابَہٗ۔ آمین

ماہ رمضان: تعلیمی بیداری اور ملت کا مستقبل

صدر انجمن اسلام اور ماہر تعلیم ڈاکٹر ظہیر اسحق قاضی سے خصوصی گفتگو

ممبئی، 26 فروری: ۔ مہاراشٹر ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں اگر کسی مسلم تعلیمی ادارے کا نام احترام اور اعتماد کے ساتھ لیا جاتا ہے تو وہ ہے، انجمن اسلام فورٹ ممبئی، یہاں پرائمری سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک کے ادارے، پیشہ ورانہ کورسز، عصری تقاضوں سے ہم آہنگ نصاب اور ہزاروں طلبہ و طالبات کی تعلیمی رہنمائی، یہ سب اس ادارے کی پہچان ہیں۔ گزشتہ ایک دہائی میں اس ادارے نے جو غیر معمولی ترقی کی ہے، اس کا بڑا سہرا اس کی فعال قیادت، خصوصاً صدر ڈاکٹر ظہیر اسحق قاضی کے سر جاتا ہے۔ ماہِ رمضان کے موقع پر ڈاکٹر ظہیر قاضی سے ایک تفصیلی نشست کے دوران انہوں نے رمضان کی اپنی مصروفیات، انجمن اسلام کی تعلیمی خدمات، ملت کو درپیش چیلنجز اور مستقبل کے منصوبوں پر کھل کر اظہارِ خیال کیا۔ ڈاکٹر قاضی نے گفتگو کا آغاز ایک دلچسپ نکتے سے کیا کہ ان کے مطابق عام تاثر یہ ہے کہ رمضان میں کام کی رفتار کم ہو جاتی ہے، لیکن ان کا ذاتی تجربہ اس کے برعکس ہے۔ وہ کہتے ہیں: ”پورے سال کی جو مصروفیت ہے وہ رمضان میں کم نہیں ہوتی، بلکہ ایسا لگتا ہے کہ توانائی کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ شاید اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کھانے پینے میں جو وقت عام دنوں میں صرف ہوتا ہے، وہ بچ جاتا ہے۔ نہ ناشتہ، نہ دوپہر کا کھانا، نہ چائے کا وقفہ۔ بی وقت زیادہ منظم ہو جاتا ہے اور کام میں برکت بھی محسوس ہوتی ہے۔“ وہ مسکرا کر کہتے ہیں کہ مہمان نوازی کا دباؤ بھی نسبتاً کم ہو جاتا ہے، اس لیے ملاقاتیں مختصر اور بامقصد رہتی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود رمضان سماجی روابط کا بھی مہینہ ہے۔ یہ عبادت کا مہینہ ہے، افطار کی دعوتیں، سحری کی محفلیں اور مختلف تنظیمی ذمہ داریاں بی یہ سب ان کی روزمرہ زندگی کا حصہ بن جاتی ہیں۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی کے نزدیک رمضان صرف عبادت کا نہیں بلکہ اجتماعی احساسِ ذمہ داری کا مہینہ ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ انجمن اسلام کے ذمہ داران کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ زکوٰۃ جمع کی جائے، کیونکہ کووِڈ کے بعد معاشی حالات نے متوسط اور نچلے طبقے کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ”بہت سے ایسے لوگ ہیں جو پہلے اچھی ملازمتوں پر تھے، مگر آج بے روزگار ہیں۔ کئی خاندان ایسے ہیں جو باعزت طریقے سے زندگی گزار رہے تھے، لیکن اب زکوٰۃ کے مستحق بن گئے ہیں۔ ہمیں ان کی مدد کرنی ہے بی خاموشی سے، باوقار انداز میں۔“ انجمن اسلام اس حوالے سے نہ صرف طلبہ کی فیس میں رعایت دیتی ہے بلکہ مستحق خاندانوں کی مدد کے لیے بھی منظم نظام رکھتی ہے۔ ڈاکٹر قاضی کے مطابق ادارے کی ذمہ داری صرف تعلیم تک محدود نہیں بلکہ طلبہ اور ان کے خاندانوں کے حالات کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ بچپن کی رمضان یادیں ان کے ذہن میں آج بھی پیوست ہیں، بچپن میں رمضان کیسے منایا جاتا تھا، اس کا ذکر آتے ہی ڈاکٹر قاضی کے چہرے پر ایک خاص مسکراہٹ آجاتی ہے۔ وہ اپنے بچپن کی یادوں کا تذکرہ کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ ان کی رہائش گاہ کے علاقے میں ایک بزرگ آیا کرتے تھے جو سحری کے وقت نعت پڑھتے ہوئے لوگوں کو جگاتے تھے۔ ”ہم سب ان کا انتظار کرتے تھے۔ وہ ہماری سحری کا الارم تھے۔ عید کے دن ہم سب ان سے ملتے، انہیں عیدی دیتے اور وہ خوشی خوشی اپنے گاؤں لوٹ جاتے۔“ وہ افسوس کا اظہار کرتے ہیں کہ اب وہ روایت تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ موبائل فون اور جدید سہولیات نے انسانی رابطے کو کم کر دیا ہے۔ ”پہلے جو روحانیت اور اجتماعی احساس تھا، وہ اب ٹیکنالوجی کی وجہ سے بدل گیا ہے۔“ ڈاکٹر ظہیر قاضی اعتراف کرتے ہیں کہ تعلیمی میدان میں نمایاں تبدیلی واقع ہوئی، گزشتہ پچیس تیس برسوں میں مسلمانوں کی تعلیمی صورتِ حال میں جو تبدیلی آئی ہے، اس پر ڈاکٹر قاضی اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کے مطابق ملک بھر میں مسلم تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور بچوں کی کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ ان کے مطابق ”جب میں ملک اور بیرونِ سفر کرتا ہوں اور کسی شہر میں کوئی نوجوان اعلیٰ عہدے پر نظر آتا ہے، تو خوشی ہوتی ہے کہ یہ وہی نسل ہے جس نے بیس برس پہلے محنت شروع کی تھی۔ اب اس کا پھل سامنے آرہا ہے۔“ وہ خاص طور پر اس بات پر زور دیتے ہیں کہ غریب طبقے کے بچوں میں آگے بڑھنے کی شدید خواہش ہوتی ہے۔ ”اگر انہیں موقع دیا جائے تو وہ غیر معمولی کارکردگی دکھاتے ہیں۔ بہت سے اعلیٰ عہدوں پر پہنچنے والے نوجوان متوسط یا غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔“ انجمن اسلام نے مستقبل کے لیے متعدد منصوبوں بنائے ہیں، لیکن سب اول اور ترجیح بنیاد پر ڈاکٹر ظہیر قاضی کا ایک بڑا خواب میڈیکل کالج کا قیام ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انجمن اسلام کے پاس مختلف شعبوں کے ادارے موجود ہیں، لیکن میڈیکل کالج کی کمی شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ ”ہم چاہتے ہیں کہ ایک ایسا میڈیکل کالج قائم ہو جہاں سے نہ صرف ڈاکٹر نکلیں بلکہ وہ خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار ہوں۔ صحت کا شعبہ ملت کے لیے نہایت اہم ہے، اور ہمیں اس میدان میں بھی مضبوطی سے قدم رکھنا ہوگا۔“ اس کے ساتھ ساتھ وہ ”ہولسٹک اپروچ“ کی بات کرتے ہیں۔ انجمن اسلام نے ایک منفرد نظام متعارف کرایا ہے جس کے تحت ہر استاد کو مخصوص طلبہ کی نگرانی سونپی گئی ہے۔ اساتذہ کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ ہر چھ ماہ میں کم از کم ایک بار طلبہ کے گھروں کا دورہ کریں تا کہ ان کے خاندانی حالات سے واقفیت حاصل ہو سکے۔ ”کبھی پتہ چلتا ہے کہ بچے کے والد نہیں ہیں، یا آمدنی بہت کم ہے، یا گھر میں بیماری ہے۔ ایسے میں ادارے کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ وہ بچے کو سہارا دے۔“ اسی طرح بعض ماؤں کی تعلیم جاری رکھنے کے لیے بھی پروگرام شروع کیے گئے ہیں، تا کہ پورا خاندان تعلیمی شعور سے آراستہ ہو۔

ورقِ تازہ

27 Feb. 2026

اداریہ

”حق تعلیم“ کا بدلتا ہوا بیانیہ

تعلیم کا حق (Right to Education) محض ایک قانونی دفعہ نہیں بلکہ ایک جمہوری ریاست کا اپنے شہریوں سے وہ عہد ہے جو سماجی برابری کی بنیاد پر استوار کیا گیا تھا۔ مہاراشٹر میں آر ٹی ای (RTE) کے تحت 25 فیصد مفت داخلوں کا عمل اس وقت جس سنگین بحران کا شکار ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ ریاست کے ہزاروں نجی اسکولوں میں ایک لاکھ سے زائد نشستوں کے لیے اب تک موصول ہونے والی درخواستوں کا گراف جس طرح گرا ہے، وہ اس بات کی گواہی دے رہا ہے کہ حکومت کی حالیہ پالیسیاں ”سب کے لیے تعلیم“ کے نعرے کی نفی کر رہی ہیں۔ فروری کا مہینہ رخصت ہو رہا ہے، لیکن ابھی تک ریاست کے بیشتر اضلاع میں درخواستوں کی تعداد نشستوں کی کل گنجائش تک بھی نہیں پہنچ سکی ہے۔ یہ صورتحال اس نظام کی ناکامی ہے یا جان بوجھ کر پیدا کردہ ایک انتظامی رکاوٹ؟ اس پر سنجیدہ غور وفکر کی ضرورت ہے۔ اس تعلیمی تعطل کا سب سے بڑا اور متنازعہ پہلو وہ حالیہ تبدیلی ہے جس کے تحت اسکول کے انتخاب کے لیے فاصلے کی حد کو تین کلو میٹر سے گھٹا کر محض ایک کلو میٹر کر دیا گیا ہے۔ بظاہر یہ ایک معمولی تبدیلی لگتی ہے، لیکن زمینی حقائق کی روشنی میں یہ ایک ایسا ”فلٹر“ ہے جس نے ہزاروں غریب طلبہ کو مقابلے کی دوڑ سے باہر کر دیا ہے۔ مہاراشٹر کے جغرافیائی اور سماجی ڈھانچے کو مدنظر رکھا جائے تو پسماندہ بستیوں، جھگیوں اور دیہی علاقوں کے ایک کلو میٹر کے دائرے میں بڑے اور معیاری نجی اسکولوں کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے۔ والدین کا یہ شکوہ بالکل جائز ہے کہ پورٹل پر لاگ ان کرنے کے بعد انہیں اپنے گھر کے قریب کوئی اسکول نظر ہی نہیں آتا۔ کیا محکمہ تعلیم یہ توقع رکھتا ہے کہ غریب بستیوں کے ایک کلو میٹر کے اندر عالمی معیار کے اسکول خود بخود پیدا ہو جائیں گے؟ یہ فیصلہ نہ صرف غیر منطقی ہے بلکہ اس سے یہ تاثر ابھر رہا ہے کہ حکومت نجی اسکولوں پر بوجھ کم کرنے کے لیے دانستہ طور پر مستحق طلبہ کا راستہ روک رہی ہے۔

دوسری جانب، نجی اسکول انتظامیہ اور حکومت کے درمیان فیسوں کی واپسی کا دیرینہ تنازعہ اس پورے عمل میں ”زہرِ قاتل“ ثابت ہو رہا ہے۔ ریاست بھر کے اسکولوں کے تقریباً 2200 کروڑ روپے کے واجبات حکومت کے ذمہ ہیں۔ جب ریاست کا مالیاتی نظام ایک دستوری حق کی ادائیگی میں سالہا سال کی تاخیر کرے گا، تو اسکولوں کا رویہ بھی سرد مہر ہونا فطری ہے۔ کئی اسکولوں نے تو بالواسطہ طور پر ان داخلوں کے بائیکاٹ کی دھمکی بھی دے رکھی ہے۔ حکومت کی یہ دوغلی پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے کہ ایک طرف وہ غریبوں کی ہمدرد بنتی ہے اور دوسری طرف تعلیمی اداروں کو ان کا جائز حق دینے میں لیت ولعل سے کام لیتی ہے۔ اس رسہ کشی میں اگر کوئی پس رہا ہے، تو وہ غریب طالب علم ہے جس کا روشن مستقبل ان انتظامی فائلوں کی نذر ہو رہا ہے۔ محکمہ تعلیم کا رویہ بھی اس معاملے میں معذرت خواہانہ نظر آتا ہے۔ آن لائن پورٹل کی تکنیکی خامیاں، دستاویزات کی اپ لوڈنگ میں پیچیدگیاں اور معلومات کی عدم فراہمی نے عام والدین کو ہراساں کر دیا ہے۔ 10 ر مارچ کی ڈیڈ لائن سر پر ہے، مگر اب تک حکومت کی جانب سے کسی بڑے ریلیف یا قانون میں لچک کا اشارہ نہیں ملا۔ ممبئی جیسے میٹرو سٹی میں جہاں نشستوں کے مقابلے میں درخواستیں آدھی بھی نہیں ہیں، وہاں کی صورتحال الارمنگ ہے۔ اگر حکومت واقعی سنجیدہ ہوتی تو وہ اسکولوں کے بقایاجات کلیئر کرتی اور فاصلے کی شرط میں فوری نرمی کا اعلان کرتی تا کہ درخواستوں کا گراف دوبارہ اوپر جا سکے۔

اس پورے بحران کا ایک اور تکلیف دہ پہلو وہ خاموش ڈیجیٹل تقسیم (Digital Divide) ہے جس نے غریب والدین کو ایک نئی آزمائش میں ڈال دیا ہے۔ حکومت نے اس سال سے درخواست کے وقت ہی تمام دستاویزات کو آن لائن اپ لوڈ کرنا لازمی قرار دیا ہے۔ ایک طرف تو یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ نظام کو شفاف بنایا جا رہا ہے، لیکن دوسری طرف ان والدین کی مجبوریوں کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا جن کے پاس نہ تو تیز رفتار انٹرنیٹ کی سہولت ہے اور نہ ہی وہ اس پیچیدہ پورٹل کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ سائبر کیفے کے چکر لگانے اور وہاں بھاری فیسیں ادا کرنے کے بعد بھی اگر پورٹل کی سست روی یا تکنیکی خرابی کی وجہ سے درخواست جمع نہیں ہو پاتی، تو اس کا ذمہ دار کون ہے؟ کیا حکومت نے ان والدین کی رہنمائی کے لیے مقامی سطح پر کوئی ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کی زحمت کی؟ یہ طریقہ کار شفافیت کے نام پر غریبوں کے لیے تعلیمی راستے مسدود کرنے کی ایک دانستہ کوشش معلوم ہوتی ہے۔ تعلیمی ماہرین کا یہ انتباہ بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ اگر اس سال بڑی تعداد میں نشستیں خالی رہ جاتی ہیں، تو اس کا براہِ راست فائدہ ان نجی تعلیمی اداروں کو ہوگا جو آر ٹی ای کے کوٹے کو اپنے تجارتی مفادات کے لیے ایک رکاوٹ سمجھتے ہیں۔ خالی نشستوں کا مطلب ہے کہ غریب بچوں کے حصے کی وہ نشستیں مستقبل میں مینجمنٹ کوٹہ یا دیگر ذرائع سے پُر کی جا سکیں گی۔ حقیقت یہ ہے کہ تعلیم کوئی تجارت نہیں بلکہ ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے۔ آر ٹی ای کے قوانین میں بار بار کی تبدیلیاں اور ان کی وجہ سے پیدا ہونے والی الجھنیں غریبوں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچا رہی ہیں۔ اگر حکومت نے بروقت مداخلت نہ کی اور ان رکاوٹوں کو دور نہ کیا، تو ”تعلیم کا حق“ صرف اشرافیہ تک محدود ہو کر رہ جائے گا اور غریب طبقہ پھر سے اسی تعلیمی جہالت کی دلدل میں دھکیل دیا جائے گا جہاں سے اسے نکالنے کا خواب دیکھا گیا تھا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ محکمہ تعلیم اپنی انا کو بالائے طاق رکھ کر زمینی حقائق کا ادراک کرے، ایک کلو میٹر کی شرط کو ختم کر کے اسے دوبارہ تین کلو میٹر کرے اور شفافیت کے ساتھ اس عمل کو مکمل کرے۔ بصورتِ دیگر، یہ ادھورا عمل ایک بڑی تعلیمی ناانصافی کے طور پر تاریخ میں درج ہوگا۔

موجودہ حالات میں تلنگانہ ریاست کے مسلمانوں کو اپنا سماجی محاسبہ کرنا ضروری: ڈاکٹر بابر شیخ

حیدرآباد : ۲۶/فروری (راست) ریاست تلنگانہ میں بھی یوپی، گجرات، آسام، مدھیہ پردیش کی طرح فرقہ پرست طاقتیں آہستہ آہستہ قدم جمارہی ہیں لیکن ملت اسلامیہ خواب غفلت میں مبتلا ہیں۔اب تک خواب غفلت میں سوتے رہے ٹھیک ہے اب جاگنا ضروری ہے کیونکہ اب ریاست تلنگانہ میں مسلسل 12 سال سے سیاسی حصہ داری، تعلیمی حصہ داری اور معاشی حصہ داری نہیں نہیں کے برابر ہے۔اگر ہماری زندگی کا طریقہ کار ایسا ہی رہے گا تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ہماری قبروں پر فاتحہ کی جگہ بدعادے کرجائیں گی۔ان خیالات کا اظہار الحاج ڈاکٹر ناصر احمد باہیال (المعروف ڈاکٹر بابر شیخ) بانی وصدر انجمن اتحاد ملت ریاست تلنگانہ نے اپنے صحافتی بیان میں کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر ملت اسلامیہ کو دیگر برادران وطن کی طرح سماج میں ایک اچھا مقام بنا ہو تو ملت کے صفحوں میں موجود منافقوں، مخبروں، دلالوں، احمقوں، ناخواندہ لیڈر شب اور مفاد پرست بکاؤں لیڈرشب سے مسلم معاشرہ کو پاک کرنا ضروری ہے۔مذکوہ حضرات کی شناخت بھی بہت مشکل ہے اس کے لئے مردم شاسی کی ضرورت ہوتی ہے کیوں کے مذکورہ حضرات پرہیزگاروں کا چولا اوڑھے سماج میں گھومتے ہیں۔ہاں دلالوں کی شناخت مشکل نہیں ہے کیوں کے ان پر پولیس کیس ہوتے ہیں اور یہ سماج میں دلال کی حیثیت سے مشہور ہوتے ہیں بہرکیف ملت اسلامیہ کے بچے بچے میں مردم شاسی کا ہونا ضروری ہے۔اس ضمن میں ملت اسلامیہ کے دانشوران کو چاہئے کہ وہ قوم میں شعور بیدار کریں تاکہ مسلم معاشرہ کی اصلاح کے ساتھ ساتھ اسے صاف ستھرا رکھ سکیں۔اس کے بعد پھر ہم حکومت سے اپنے حصہ داری کی بات کرسکتے ہیں، کیوں کے ملت اصلاح کے بعد ملت کا طاقتور ہونا اور متحد ہونا طئے ہے۔ڈاکٹر بابر شیخ نے آخر میں اپیل کی کہ ملت اسلامیہ متحد ہوجائیں۔انہوں نے رمضان المبارک کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدس ماہ ہے جسے اللہ رب العزت نے اپنا مہینہ کہا ہے۔دعا کے ساتھ ساتھ عمل بھی کریں۔

ننھے قدم، بڑی کامیابی ایل کے جی اور یو کے جی کے لیے دلچسپ کاؤنٹنگ سرگرمیوں کا انعقاد

